TPL Life

# شہسوار



## TPL لائف۔شہسوار پلان

یہ سوچ آپ کو خوفزدہ کردیتی ہے کہ: خطرناک حادثہ میں آپ کی وفات یا کسی عضو یا اعضاء سے محرومی آپ کی فیملی کو انتہائی مالی بہران سے دوچار کرسکتی ہے۔ایسی صورتِ حال میں ''پرسنل ایکسیڈنٹ'' انشورنس پالیسی کے تحت 5 لاکھ روپے کی ادائیگی بلاشبہ ایک خاطر خواہ نعمت محسوس ہوتی ہے۔

حادثات جیسے موضوعات کو موٹر سائیکل سوار حضرات زیرِ گفتگو لانا پسند نہیں کرتے، لیکن تصور کریں کہ اگر آپ کو موٹر سائیکل پر شدید حادثہ پیش آجائے تو کیا ہوگا؟

TPL لائف۔شہسوار پلان آپ کو ایک ایسا تحفظ فراہم کرتا ہے جس کے تحت آپ کی فیملی کو روڈ پر حادثے کے باعث آپ کی قبل از وقت موت ہونے کی صورت میں 5 لاکھ روپے کی نقد ادائیگی کی جاتی ہے۔

حادثاتی طور پر موت ہونے کی صورت میں اس خاطر خواہ رقم کے علاوہ TPL لائف۔شہسوار پلان ہسپتال میں داخلے اور اخراجات کے سلسلے میں 50,000 روپے تک کی مالی معاونت بھی کرتا ہے۔

### پلان کے فوائد

شہسوار کی حادثاتی طور پر موت کی صورت میں نامزد کردہ فیملی ممبر کو 5 لاکھ روپے کی کثیر رقم ادا کی جائے گی۔

اگر حادثے کے باعث شہسوار زخمی ہوجائے تو TPL لائف۔شہسوار پلان پینل کا ہسپتال ہونے کی صورت میں 50,000 روپے تک کے تمام اخراجات برداشت کرے گا یا شہسوار کی جانب سے کئے گئے 50,000 روپے تک کے اخراجات کی ادائیگی کرے گا۔

## ئط

### 1- حادثاتی موت

a) حادثے کی صورت میں کلیم کے لئے تحریری نوٹس حادثے کے 90 دنوں کے اندر کمپنی کو موصول ہونا چاہئے۔کمپنی کی جانب سے کلیم تسلیم ہونے سے قبل کمپنی کو اس کے اطمینان کی حد تک جسمانی زخمی ہونے کی صورتِ حال کو ثابت کرنا ہوگا۔نامزد فرد/ افراد کو اپنے اخراجات پر کمپنی کو تمام درکار ثبوت فراہم کرنا ہونگے۔

b) کمپنی کو شہسوار/ لائف اشورڈ/ پالیسی اونر/ نامزد افراد سے کسی طبّی معائنے اور/ یا ٹیسٹ کے نتائج حاصل کرنے کیلیئے ضروری رضامندی پر دستخط درکار ہوسکتے ہیں۔ضروری رضامندی فراہم نہ کرنے پر اس پالیسی کے تحت کوئی بھی بینفٹ فوری طور پر منسوخ ہوجائے گا۔

c) اس پالیسی کے تحت کوریج صرف اس پالیسی کی مدت کے دوران قابلِ ادا ہوگی، جس کی انشورنس کارڈ میں وضاحت کی جاتی ہے۔

d) شہسوار/ پالیسی ہولڈر کی عمر پالیسی کے آغاز کے وقت انشورنس کارڈ پر وضاحت کردہ عمر کے مطابق لازمی ہونا چاہیئے۔

e) کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ بیمہ کی رقم کی ادائیگی سے قبل شہسوار/ لائف اشورڈ کی عمر کا ثبوت طلب کرے۔

### 2- حادثہ کی صورت میں ہسپتال میں داخلہ

a) حادثے کی صورت میں کلیم کے لئے تحریری نوٹس حادثے کے 90 دنوں کے اندر کمپنی کو موصول ہونا چاہئے۔

b) کمپنی کی جانب سے کلیم تسلیم ہونے سے قبل کمپنی کو اس کے اطمینان کی حد تک جسمانی زخمی ہونے کی صورتِ حال کو ثابت کرنا ہوگا۔

c) نامزد فرد/ افراد کو اپنے اخراجات پر کمپنی کو تمام درکار ثبوت فراہم کرنا ہونگے۔

d) اس پالیسی کے تحت کوریج صرف اس پالیسی کی مدت کے دوران قابلِ ادا ہوگی، جس کی انشورنس کارڈ میں وضاحت کی جاتی ہے۔

e) شہسوار/ پالیسی ہولڈر کی عمر پالیسی کے آغاز کے وقت انشورنس کارڈ پر وضاحت کردہ عمر کے مطابق لازمی ہونا چاہیئے۔

f) کمپنی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ بیمہ کی رقم کی ادائیگی سے قبل شہسوار/ لائف اشورڈ کی عمر کا ثبوت طلب کرے۔

g) صرف وہ میڈیکل اخراجات قابلِ ادا ہونگے جو حادثے سے 90 دنوں کے اندر کئے جائیں جس کی وضاحت مذکورہ بالا سیکشن 4 میں کی گئی ہے۔

h) بیمہ کی رقم قابلِ ادا نہیں ہوگی اگر شہسوار/ پالیسی ہولڈر نے کئے گئے اخراجات کی رقم سوشل سیکیوریٹی اور/ یا کسی دیگر آجر سے فنانس ہیلتھ اسکیم کی مد میں واپس لی ہو۔

## استثنٰی:

اس سیکشن میں استثنٰی کسی دیگر استثنٰی کے علاوہ ہیں جو پالیسی دستاویز کے بینیفٹ اشورڈ سیکشن میں موجود ہوسکتے ہیں۔درج ذیل میں کسی بھی یا تمام وجوہات کے نتیجے میں یہ پروڈکٹ کسی بھی بینیفٹ کی ضمانت نہیں دیتی۔

براہِ راست یا بلا واسطہ درج ذیل وجوہات کی صورت میں کوئی بھی بینیفٹ قابلِ ادا نہیں ہوگا:

1) جنگ یا اسی طرح کی سرگرمیاں جس میں حملہ، غیر ملکی دشمن کا اقدامِ عمل، دشمنی (خواہ اعلانِ جنگ ہو یا نہ ہو)، خانہ جنگی کی بغاوت، دہشت گرد سرگرمیوں، بغاوت، خلافِ حکومت بغاوت، ہنگامہ، فوجی یا غیر مسابقانہ طاقتیں شامل ہیں۔

2) کسی بھی نوعیت کی علالت، دورے پڑنا، ہرنیا اور بیکٹیریل انفیکشن سوائے، پائیوجینک (پیپ زدہ) انفیکشن جو امیونو ڈیفیشنسی سینڈروم (ایڈز) کے باعث ہو۔

3) حمل یا اس حالت میں مقید ہونا اور اس سے متعلقہ پیچیدگیاں۔

4) طبّی مشورہ لینے یا اس پر عملدرآمد میں بلاسبب ناکامی، اگر طبی صورتِ حال سے آگاہ ہو۔

5) شراب نوشی یا نشہ آور ادویات کا استعمال ماسوائے رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر کی ہدایات کے تحت استعمال۔

6) خودکشی کرنا یا اس کی کوشش کرنا یا جان بوجھ کر خود کو زخمی کرنا خواہ ہوشمندی میں ہو یا مخبوط الحواسی میں۔

7) غیر قانونی اقدامِ عمل، بلاضرورت جان بوجھ کر خطرہ مول لینا، سوائے اس کوشش کے جس میں انسانی زندگی کو بچایا جائے۔

8) ذہنی عدم توازن۔

9) ہیٹ اسٹروک کا شکار ہونا یا لو لگ جانا۔

10) جان بوجھ کر یا نادانستہ طور پر گیس کے اخراج کا شکار ہونا یا زہر لینا۔

11) کسی بھی خطرناک سرگرمی میں حصہ لینا۔

12) غیر۔کمرشل ایئرلائن پر سفر کرنا۔

13) فوجی خدمات، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے اس سے مستثنٰی ہیں۔

14) تابکاری یا تابکاری شعاؤں کا شکار ہونا۔

15) ممبرشپ کے آغاز/ بحالی کی تاریخ پر جسمانی یا ذہنی معذوری ہونا۔

16) دوڑ یا سائیکلنگ ریس کے علاوہ تمام قسم کی ریسنگ میں حصہ لینا۔

17) کمانڈو یا بم ڈسپوزل ڈیوٹیز/ تربیت میں حصہ لینا۔فوجی حوالے سے مستعد فرائض جیسا کہ سول آرڈر کا انتظام، دشمنی میں ملوث ہونا، بحری افواج کے بحری ایئر کرافٹ میں سفر کیا ہو خواہ اعلانِ جنگ ہو یا نہ ہو۔

18) سیاسی وابستگی رکھنے والے شہسوار/ پالیسی ہولڈرز کو یہ تحفظ حاصل نہیں۔

19) سازشی طور پر قتل/ اقدام قتل یا کسی ہتھیار سے زخمی ہونا۔

20) پالیسی کے اجراء سے قبل جسمانی زخمی ہونا۔

## FAQs

**TPL لائف۔شہسوار پلان کے لئے پریمئیم کتنا ہے؟**

TPL لائف۔شہسوار پلان کا 3 ماہ کا پریمئیم 450 روپے ہے۔

**TPL لائف۔شہسوار پلان کے تحت کیا کوئی ویٹنگ پریڈ بھی ہے؟**

TPL لائف۔شہسوار پلان کا تحفظ اسی وقت سے شروع ہوجاتا ہے جب آپ TPL لائف کال سینٹر کے ذریعے کوریج کو فعال کریں۔

**کیا میں TPL لائف شہسوار کی سہولت حاصل کرسکتا ہوں، اگر میری عمر 54 سال سے زائد ہے؟**

جی نہیں، اگر آپ کی عمر 18 سے 54 سال ہے تب ہی آپ TPL لائف۔شہسوار پلان کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔

**اگر مجھے پروڈکٹ پسند نہ آئے تو کیا میں اپنا پریمئیم واپس لے سکتا ہوں؟**

جی ہاں، آپ پروڈکٹ پیکج (اگر کارڈ اسکریچ نہیں کیا ہے) 14 دن کے اندر واپس کرسکتے ہیں اور ریٹیلر/ آؤٹ لیٹ سے خریدی گئی پروڈکٹ کی رقم واپس لے سکتے ہیں۔

آپ درج ذیل TPL کے ہیڈ آفس بھی تشریف لاسکتے ہیں


TPL لائف انشورنس لمیٹڈ

33-C، شہباز کمرشل ایریا، لین نمبر 4، فیز 6، ڈی ایچ اے

کراچی۔پاکستان

ای میل: info@tpllife.com

یواےاین: 330-000-111 (021) ایس ایم ایس:"TPLLIFE" لکھ کر 9060 پر بھیج دیں


**کیا میں 3 ماہ کے بعد بھی TPL لائف۔شہسوار پلان جاری رکھ سکتا ہوں؟**

جی ہاں، اگر آپ چاہیں تو آپ TPL لائف۔شہسوار پلان کی دوبارہ تجدید کرسکتے ہیں پالیسی کی تجدید کا انحصار آپ کی جانب سے شرائط وضوابط کی قبولیت پر ہوگا جو پالیسی کی تجدید کے وقت کمپنی نے پیش کئے ہوں۔

آپ کسی بھی تفویض کردہ TPL لائف ریٹیل آؤٹ لیٹس سے TPL لائف۔شہسوار پلان کارڈ دوبارہ خرید سکتے ہیں، اس پروڈکٹ کے ڈسٹری بیوٹرز سے۔

**کیا میں اپنی شریکِ حیات اور بچوں کیلیئے TPL لائف شہسوار پلان کی سہولت حاصل کرسکتا ہوں؟**

جی ہاں۔آپ اپنی شریکِ حیات کیلیئے بھی TPL لائف۔شہسوار پلان خرید سکتے ہیں۔تاہم، آپ کی شریکِ حیات کو علیحدہ شہسوار/ پالیسی ہولڈر/ لائف اشورڈ کی حیثیت سے تحفظ حاصل ہوگا اور ایک علیحدہ انشورنس کوریج کی خریداری اس کیلیئے لازمی ہے۔

18 سال سے کم عمر بچوں کو اس پلان کے تحت تحفظ حاصل نہیں ہوگا۔

TPL Life

# SHEHSAWAR



## TPL Life – Shehsawar Plan

The very thought alone is terrifying: your death or dismemberment in a serious accident that leaves your family in dire financial straits. No wonder a "personal accident" insurance policy that pays out a lump sum of up to PKR 5 lakhs is very tempting.
Accidents-is not a subject that bikers like to discuss, but just imagine how difficult life would become if you had a serious bike accident?
TPL Life – Shehsawar Plan provides you with the security that your family gets a Cash Payment of Rs. 5 Lakhs in case of your untimely death due to an accident while on the road.
In addition to a substantial amount in case of Accidental Death, TPL Life – Shehsawar Plan also offers you financial assistance in case of hospitalization due to an accident up to Rs. 50,000.

### Benefits of the Plan

In case of an Accidental Death of a Shehsawar, the Nominated Family Member will be paid a huge sum of Rs. 5 lakhs.
In case if a Shehsawar suffers Accidental Injuries due to an Accident, TPL Life – Shehsawar Plan will bear all medical expenses up to Rs. 50,000 (in case of a Panel Hospital) or will reimburse the incurred amount up to Rs. 50,000 to the Shehsawar.

## Conditions

### 1) Accidental Death

a) Written notice of a claim in respect of Accidental Death must be received by the Company within ninety (90) days of occurrence of the event. Before any claim is admitted, bodily injury shall be proved to the satisfaction of the Company. The Nominee(s) shall furnish at their own expense all evidences that the Company may require.

b) The Company may require the Shehsawar/Life Assured / Policy Owner / Nominee(s) to provide a written consent to allow the Company to obtain information and receive the results of any medical examination and / or tests undergone by the Shehsawar/Life Assured. Failure to provide the necessary consent will result in the immediate cancellation of any benefit under this Policy.

c) Coverage under this Policy is valid for the Benefit Term that is stated on the Insurance Card.

d) The age of the Shehsawar/policyholder at commencement must be within the age band stated on the insurance card.

e) The Company reserves the right to require proof of age of the Shehsawar/Life Assured before the Benefit Assured is paid.

### 2) Accidental Hospitalization

a) The company must be intimated about the occurrence of an event that would lead to a claim within 90 days of the event.
b) Before any claim is admitted, bodily injury shall be proved to the satisfaction of the Company.
c) The Nominee(s) shall furnish at their own expense all evidences that the Company may require.
d) Coverage under this Policy is valid for the Benefit Term that is stated on the Insurance Card.
e) The age of the Shehsawar/policyholder at commencement must be within the age band stated on the insurance card.
f) The Company reserves the right to require proof of age of the Shehsawar/Life Assured before the Benefit Assured is paid.
g) Only medical expenses incurred within 90 days of the event described in Section 4 above will be payable.
h) Benefits shall not be payable if the Shehsawar/Policyholder is entitled to and/or receiving the reimbursement of same expenses from social security and/or any other employer financed health scheme.

## Exclusions:

The exclusions in this section are in addition to any other exclusion that may be contained in the Benefit Assured section of the Policy Document. This product does not insure and no benefits shall be payable for expenses resulting from all and any of the following Exclusions: -
No benefit will be payable in an event caused or extended either directly or indirectly by:

1) War or warlike activities, which include invasion, act of foreign enemy, hostilities (whether war declared or not), civil war rebellion, terrorist activities, revolution, insurrection, military or usurped power.
2) Illnesses of any kind, fits, hernia and bacterial infection except pyogenic infection which shall occur with and through an immunodeficiency syndrome (AIDS).
3) Pregnancy or confinement and related complications.
4) Unreasonable failure to seek or follow medical advice, where aware about medical condition.
5) Drinking of alcohol or taking of drugs otherwise than under the direction of a registered medical practitioner
6) Suicide or attempted suicide or intentional self-injury while sane or insane.
7) Unlawful act, the hand or justice or wilful exposure to unnecessary danger except in the attempt to save human life.
8) State of unsound mind.
9) Heatstroke or sunstroke.
10) Exposure to or intake of poison, gas of fumes voluntary or involuntary.
11) Taking part in any hazardous activity.
12) Traveling on a non- commercial airline.
13) Military service, police and other law enforcement agencies to be excluded.
14) Radiation or contaminated by radioactivity.
15) Physical or mental defect or infirmity existing at the membership inception/reinstatement date.
16) Racing of all kinds other than foot or bicycle.
17) Engaging in commando or bomb disposal duties/training. Active military duties such as maintenance of civil order, engagement in hostilities, whether war is declared or not and travel by military aircraft of waterborne vessel.
18) Shehsawar/Policyholders with political affiliations will not be covered.
19) Assault Murder/Assassinations or injury sustained through firearm.
20) Bodily injury which existed prior to issuance of policy.

## FAQs

**What is the Premium for TPL Life – Shehsawar Plan?**

The premium of TPL Life – Shehsawar Plan is Rs. 450 for 3 months.

**Is there any waiting period under the TPL Life – Shehsawar Plan?**

The TPL Life – Shehsawar Plan cover begins the moment you get your Coverage Activated through TPL Life Call Center.

**Can I avail TPL Life – Shehsawar Plan, if I am more than 54 years?**

No, You can only avail TPL Life – Shehsawar Plan if you are aged 18 – 54 years.

**Can I get a refund of Premium in case I do not like the product?**

Yes, you may return the Product package (card being unscratched) within 14 days and may get a refund of the amount from the Retailer/Outlet that you purchased the product from. You may also visit TPL Life head Office @


**TPL Life Insurance Limited**

33-C, Shahbaz Commercial Area, Lane 4, Phase 6, DHA
Karachi, Pakistan
Email: info@tpllife.com
UAN: ((021) 111-000-330 SMS: "TPLLIFE" to "9060"


**Can I continue TPL Life – Shehsawar Plan after 3 months as well?**

Yes, you have the option to renew TPL Life – Shehsawar Plan again in case you wish to. Renewal of the policy will depend on your acceptance of the Terms & conditions offered by the Company at time of renewal.
You may repurchase the TPL Life – Shehsawar Plan card from any of the assigned TPL Life Retail Outlets acting as a distributor of this product to continue your cover/protection under this plan.

**Can I avail TPL Life – Shehsawar Plan for my Spouse & Children?**

Yes. You may purchase the TPL Life – Shehsawar Plan for your Spouse as well. However, the Spouse will be covered as a separate Shehsawar/Policyholder/Life Assured and a separate Insurance coverage will be required to be purchased.
Children under 18 years are not covered under this Plan.